بانی وقائد: ضیا شاہد مرحوم

Daily KHABRAIN

روزنامہ خبریں

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

منگل 7 ربیع الاول 1444ھ 4 اکتوبر 2022ء

Estd. 1860 MURREE BREWERY Company Limited

# مری بروری کمپنی لمیٹڈ

## نوٹس برائے 155 واں سالانہ اجلاسِ عام

نوٹس ہذا کے ذریعہ مطلع کیا جاتا ہے کہ درج ذیل امور سے متعلق کمپنی کا 155واں سالانہ اجلاس عام (AGM) 25 اکتوبر 2022، بروز منگل صبح 9:30 بجے رجسٹرڈ آفس 3- نیشنل پارک روڈ راولپنڈی میں منعقد ہوگا:

**عمومی کاروبار**

1- 30 جون 2022 کو اختتام شدہ سال کے لئے چیئرمین کی جائزہ رپورٹ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ کمپنی کی آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

2- بورڈ آف ڈائریکٹرز 30 جون 2022 کو اختتام شدہ ہونے والے سال کے لئے سفارش کردہ 10 روپے فی شیئر کے حساب سے 100 فیصد ہر دس روپے والے حصص پر حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کی منظوری دینا۔ یہ قبل ازاں ادا کئے جانے والے 25 روپے فی شیئر کے حساب سے 250 فیصد کے عبوری منافع کے علاوہ ہیں۔ اس طرح شیئر ہولڈرز کو اختتامی سال 30 جون 2022 کو ادا کئے جانے والا کل منافع منقسمہ 35 روپے فی حصص کے حساب سے 350 فیصد بنے گا۔

3- کمپنی کے آڈیٹرز کی تعیناتی اور ان کے معاوضے کا تقرر۔ ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آڈٹ اور رسک مینجمنٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سبکدوش ہونے والے موجودہ آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کمپنی آڈیٹر برائے 30 جون 2023 کو اختتام پذیر ہونے والے سال مقرر کرنے کی سفارش کی ہے۔

راولپنڈی
04 اکتوبر، 2022ء

حسب الحکم بورڈ
چوہدری وقار اے کاہلوں
کمپنی سیکریٹری

### نوٹس

**شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 19 اکتوبر، 2022 سے 25 اکتوبر 2022 (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی اور اس دوران شیئرز کی ٹرانسفر رجسٹریشن قابل قبول نہیں ہو گی۔ 18 اکتوبر، 2022 کو دفتری اوقات کی بندش (شام 5 بجے) سے قبل شیئرز ڈیپارٹمنٹ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک "B"، SMCHS، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو نقد منافع منقسمہ اور AGM میں شرکت کرنے، اپنی رائے کا اظہار کرنے اور ووٹ ڈالنے کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**پراکسی کی تقرری کا حق**

ایک ممبر یہ حق رکھتا ہے کہ وہ اپنی جگہ کوئی پراکسی مقرر کردے جو اس ممبر کی جگہ اجلاس میں شرکت کرے اور ووٹ دے۔ پراکسی کے تقرر کے کاغذات پر مناسب طریقے سے مہر اور دستخط موجود ہوں اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہو) جس کے تحت اس پر دستخط ہوں اور اس پاور آف اٹارنی کی تصدیق شدہ کاپی کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 3۔ نیشنل پارک روڈ، راولپنڈی میں اجلاس سے 48 گھنٹے (غیر کاروباری دنوں کو چھوڑ کر) قبل جمع کروائی ہوں گی۔ پراکسی کو کمپنی کا ممبر ہونا چاہیے۔

**اجلاس میں شرکت کے لئے**

i- افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہے اور ان کی تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہیں، اجلاس میں شرکت کے موقع پر انہیں بطور شناخت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

ii- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے موقع پر نامزد فرد کے نمونے کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز قرارداد/پاور آف اٹارنی فراہم کی جانی چاہیے (پہلے فراہم نہ کی جانے کی صورت میں)

**پراکسیز کی تقرری کے لئے:**

i- کوئی بھی ممبر جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ کا حق رکھتا ہے وہ (کمپنیز ایکٹ، 2017 کی زیر دفعہ 137 (1) (ڈی کے مطابق) اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے کسی بھی دوسرے ممبر کو بطور نمائندہ مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسیز کے موثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ اجلاس سے 48 گھنٹے قبل مہر اور دستخط کے ساتھ لازمی موصول ہو جائیں۔

ii- افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہے اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہیں کو مندرجہ بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کروانا ہوگا۔

iii- پراکسی فارم پر دو گواہان کے نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر درج ہونا چاہیے۔

iv- مستفید ہونے والے مالکان اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔

v- اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

vi- کارپوریٹ اداروں کی صورت میں ادارے کی جانب سے اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے نامزد شخص کے نمونے کے دستخط اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی اور کمپنی کا پراکسی فارم جمع کروانا چاہیے (پہلے فراہم نہ کی جانے کی صورت میں)

**نظر ثانی نرخ پر فعال ٹیکس دہندگان اور غیر فعال دہندگان کیلئے انکم ٹیکس کی کٹوتی:**

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت، ڈیویڈنڈ پر ود ہولڈنگ انکم ٹیکس ریٹس مندرجہ ذیل ہوں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | انکم ٹیکس ریٹرنز کے فعال ٹیکس دہندگان کے لیے ٹیکس کی کٹوتی کی شرح | 15 فیصد |
| 2۔ | انکم ٹیکس ریٹرنز کے غیر فعال دہندگان کے لیے ٹیکس کی کٹوتی کی شرح | 30 فیصد |

مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں ہر شیئر ہولڈر سے انفرادی معاملہ کیا جاسکتا ہے جیسا کہ کسی فعال یا غیر فعال ٹیکس دہندہ کا اور ٹیکس کی کٹوتی ہر جوائنٹ ہولڈر کے شیئرز ہولڈنگ کی بنیاد پر کی جائے گی جیسا کہ شیئرز ہولڈر کی جانب سے مطلع کیا جاسکتا ہے مطلع نہ ہونے کی صورت میں ہر جوائنٹ اکاؤنٹ کو مساوی شیئرز کا حامل سمجھا جائے گا۔

| Folio / CDS Account No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name & CNIC No. | Shareholding proportion (No. of Shares) | Name & CNIC No. | Shareholding proportion (No. of Shares) |
| | | | | | |
| | | | | | |

سی این آئی سی نمبر / این ٹی این کی تفصیل اب لازمی ہے اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ایکٹو ٹیکس دہندگان کی فہرست (اے ٹی ایل) کے مطابق ٹیکس کی حیثیت چیک کرنے کے لیے ضروری ہے۔

**انکم ٹیکس / زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنا:**

انکم ٹیکس سے مستثنیٰ یا کم شرح پر کٹوتی کے اہل ممبران سے درخواست ہے کہ وہ ٹیکس سے استثنیٰ کا قابل عمل سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت جمع کروائیں۔ زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کے خواہشمند ممبران سے درخواست ہے کہ وہ زکوٰۃ سے استثنا حاصل کرنے کے لئے ایک جائز العمل اعلامیہ جمع کروائیں۔

**سالانہ اجلاس عام کے لئے کورونا وائرس ہنگامی منصوبہ بندی:**

کورونا وباء کے معاملات کی تعداد میں اضافے کی روشنی میں حکومت / ایس ای سی پی کی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے، کمپنی شیئر ہولڈرز کے کم سے کم طبعی اشتراک کے ساتھ اس سالانہ اجلاس عام کے انعقاد کا ارادہ رکھتی ہے جبکہ کورم کی شرائط سے مطابقت کو یقینی بھی بنا رہی ہے اور ممبران کو درخواست کرتی ہے کہ وہ نمائندوں کے ذریعے سالانہ اجلاس میں اپنی حاضری اور ووٹ کو مستحکم بنائیں۔ اجلاس میں اسمارٹ فونز / ٹیبلیٹس / کمپیوٹرز کو استعمال کرتے ہوئے بھی شرکت ممکن ہے۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کیلئے، ممبران اور ان کے نمائندوں کو درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مورخہ 22 اکتوبر، 2022 سے قبل یا اس دن general.meetings@murreebrewery.com پر بذریعہ ای میل "مری بریوری کمپنی لمیٹڈ اے جی ایم کیلئے رجسٹریشن" کے عنوان کے ساتھ جائز العمل سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی نقل کے ہمراہ درج ذیل معلومات فراہم کرتے ہوئے خود کا اندراج کرا لیں۔

| Name of member | CNIC No. | CDC Account No/Folio No. | Cell Number | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

وہ ممبران جو ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ ہیں انہیں اسی ای میل ایڈریس پر جس سے انہوں نے کمپنی کو ای میل کیا تھا کمپنی کی جانب سے انہیں ایک ویڈیو لنک فراہم کردی جائے گی۔ لاگ ان فیسلیٹی اس کارروائی کے اختتام تک اجلاس کے آغاز سے کھلی رہے گی۔

شیئر ہولڈرز جو سالانہ اجلاس کے ایجنڈے پر اپنے تاثرات / تجاویز بھیجنے کے خواہاں ہیں وہ کمپنی کو general.meetings@murreebrewery.com پر ای میل کر سکتے ہیں یا 0331-5880900 پر واٹس ایپ کر سکتے ہیں۔ کمپنی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ شیئر ہولڈرز کے تاثرات / تجاویز اجلاس میں پڑھے جائیں اس پر ردعمل کو اجلاس کے منٹس کا حصہ بنایا جائے گا۔

**پتے کی تبدیلی:**

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B، SMCHS، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو لازمی مطلع کریں۔

**کمپنی کی ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کی دستیابی:**

30 جون 2022 کو اختتام شدہ سال کیلئے کمپنی کے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ، چیئرمین کا جائزہ رپورٹ، AGM کے نوٹس اور دیگر مواد گزشتہ سالوں کے سالانہ اور سہ ماہی اسٹیٹمنٹس کے ساتھ کمپنی کی ویب سائٹ www.murreebrewery.com پر دستیاب ہیں۔

**الیکٹرانک طریقے سے منافع منقسمہ کی ادائیگی:**

قانون کی شق 242 کا تقاضا ہے کہ لسٹڈ کمپنیز صرف الیکٹرانک طریقے سے براہ راست شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ ہی میں نقد منافع منقسمہ ادا کریں گی۔ ایس ای سی پی نے اپنے نوٹیفکیشن بحوالہ ایس آر او 1145 (1)/2017، کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017 بھی جاری کیا تھا جس کے ذریعے ہر شیئر ہولڈر کو ذمہ دار ٹھہرایا گیا تھا کہ وہ اپنے نامزد بینک اکاؤنٹ سے متعلق درست معلومات فراہم کردیں تاکہ اہل شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد بینک اکاؤنٹ میں الیکٹرانک طریقے سے براہ راست نقد میں کوئی واجب الادا منافع منقسمہ ادا کردیں۔

اس سلسلے میں، کمپنی نے خطوط مع شائع کردہ اخبارات شیئر ہولڈرز کو ان کے پتے پر انفرادی طور پر پہلے ہی روانہ کرچکی ہے جس میں درخواست کی گئی ہے کہ وہ شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر ("آئی بی اے این") فراہم کردیں تاکہ نقد منافع منقسمہ الیکٹرانک طریقے سے وصول کرلیا جائے۔ اس لئے، شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.murreebrewery.com پر دستیاب کمپنی کے خط کے درکار شعبوں کو پر کرلیں اور اسے کمپنی کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کو بھیج دیں۔ اگر شیئرز بک انٹری سیکیورٹیز کے طور پر رکھے ہیں تو مذکورہ معلومات سی ڈی ایس پارٹیسپینٹس کے ذریعے سینٹرل ڈپازٹری سسٹم ("سی ڈی ایس") کو فراہم کیا جانا مطلوب ہوگا۔

**غیر دعویدار ڈیویڈنڈ اور شیئر سرٹیفکیٹ**

کمپنی نے اپنی ویب سائٹ (https://www.murreebrewery.com) پر حصص یافتگان کی ایک تازہ ترین فہرست اپ لوڈ کی ہے جن کے منافع یا شیئر سرٹیفکیٹ کمپنی کے پاس دستیاب ہیں جو ان کے واجب الادا اور قابل ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین سال کی مدت تک لاوارث یا بغیر ادائیگی کے رہے ہیں۔ لہٰذا جن حصص یافتگان نے اب تک اپنے ڈیویڈنڈ یا شیئرز سرٹیفکیٹ جمع نہیں کیے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار "سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی سے ڈیویڈنڈ یا شیئر سرٹیفکیٹس کا دعویٰ کرنے کے لیے رابطہ کریں۔

**نوٹ:** اردو اور انگریزی اشتہارات میں کسی تضاد کی صورت میں انگریزی اشتہار کی عبارت صحیح تصور ہوگی۔